BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کو عالمی چیمپیئنز کے طور پر تسلیم کر لیا گیا

برامپٹن فائر نے الباما میں منعقد ہونے والے بین الاقوامی مقابلے میں کئی شعبوں میں پہلا مقام حاصل کیا

برامپٹن، آن (5 فروری 2020) – آج سٹی کونسل کی میٹنگ میں، برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کو فائر فائیٹر کومبیٹ چیلنج ورلڈ کمپٹیشن میں ان کی طلائی طمغہ حاصل کرنے والی کارکردگی کے لیے خراج تحسین پیش کیا گیا۔

برامپٹن کی ٹیم – جس کی قیادت سابقہ ورلڈ چیمپیئن اور ڈسٹرکٹ چیف، پیٹر رئیڈ کر رہے تھے – برامپٹن کے پانچ فائر فائیٹرز پر مشتمل تھی؛ کیٹی راس، ڈین پامر، اینتھی برچ، ریان ڈوس مین اور ایان پرنجل، جنہوں نے کئی انفرادی اور ٹیم ریسز میں پہلا مقام حاصل کیا۔

ہر سال پورے شمالی امریکہ، یورپ، آسٹریلیا اور مشرقِ وسطی سے تعلق رکھنے والے حریف ورلڈ چیمپیئن کے خطاب کے حصول کی امید میں اس کئی روزہ تقریب میں شرکت کرتے ہیں۔ 2019 چیمپیئن شپ اکتوبر 2019 میں مونٹگومری، الباما میں منعقد ہوئی۔

ورلڈز میں جانے سے پہلے، ٹیم نے ستمبر 2019 میں اوشاوا میں منعقد ہونے والے نیشنل فائر فٹ مقابلے میں بھی کئی انعامات جیتے۔

برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز قومی اور بین الاقوامی مقابلوں میں کامیابی کی لمبی تاریخ رکھتا ہے۔ 2020 کے لیے تربیتی منصوبوں کے پہلے سے ہی زیر عمل ہونے کے ساتھ، ٹیم برامپٹن فائر کی ٹیم میں نئے اراکین کو شامل کرنے اور پچھلے سال کی کامیابی کو دہرانے کے لیے پرامید ہے۔

سرخیاں

- کیٹی راس نے فیمیل انڈیویجوئل کے زمرے میں پہلا مقام حاصل کیا۔
- ڈینی پالمر اور کیٹی راس نے کوایڈ ٹینڈم کے زمرے میں پہلا مقام حاصل کیا۔
- کیٹی راس اور ایلیسا کارویلو (واہن) نے فیمیل ٹینڈم کے زمرے میں پہلا مقام حاصل کیا۔
- کیٹی راس، ایلیسا کارویلو (واہن) اور کیلٹی مئے نیکول (البرٹا) نے فیمیل ٹیم ریلے کے زمرے میں پہلا مقام حاصل کیا۔
- ایا پرنجل، ڈینی پامر اور ریان ڈوسمین نے انڈیویجوئل ٹیم کے زمرے میں چھٹا مقام حاصل کیا۔
- ایان پرنجل اور ڈینی پامر نے مینز ٹینڈم کے زمرے میں نواں مقام حاصل کیا۔

اقتباسات

"یہ کامیابیاں اس سخت محنت اور تربیت کی زبردست گواہی ہیں، جو ہماری برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی ٹیم ہر دن کرتی ہے۔ ہم اپنے بہترین کارکردگی دکھانے کے لیے اپنے فائر فائیٹرز کے عزم کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور 2020 میں بھی ان کی ہمت بڑھانے کے لیے پرامید ہیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"یہ اس چیز کی ایک اور مثال ہے کہ ہماری برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کیسے اس شعبے میں پوری دنیا کے لیے رہنما کردار رکھتی ہے۔ برامپٹونینز کو فخر دلانے کے لیے پوری ٹیم کا شکریہ اور مبارکباد!"

- *رووینا سینٹوس، ریجنل کونسلر اور چیئر، کمیونٹی سروسز*

"یہ ایک زبردست کارنامہ ہے، جسے انجام دینے کے لیے شدید تربیت، مشق، عزم اور لگن کی ضرورت ہوتی ہے۔ مجھے اپنی ٹیم کی شاندار کامیابیوں اور ان مقابلوں میں محکمہ جاتی کامیابی کی لمبی تاریخ پر فخر ہے۔"

- *بل بوائز، فائر چیپ، برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز*

-30-

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ *www.brampton.ca* پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca